شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

15نومبر2024ء

پریس ریلیز

اشرافیہ کی لوٹ مار نے ملک کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): اشرافیہ کی لوٹ مار نے ملک کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ سودی قرضہ حاصل کرنے کے لیے انتہائی سخت اور ملکی مفاد کے لیے نقصان دہ شرائط پر کیے گئے معاہدہ کے خطرناک نتائج سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ کسی بھی غیرت مند قوم کے لئے انتہائی ہزیمت اور رسوائی کا مقام ہے کہ آئی ایم ایف جیسا عالمی استعماری ادارہ اُس کی داخلی پالیسیوں کے حوالے سے ڈکٹیشن دے اور حکومت پر دباؤ ڈالے کہ مہنگائی کی چکی میں پسی ہوئی عوام پر ٹیکس کو مزید بڑھایا جائے۔ پھر یہ کہ دیگر ممالک کے ساتھ کیے جانے والے معاہدات پر رائے زنی کرے اور حکومت کو مجبور کرے کہ وہ بعض دوست ممالک کے ساتھ معاہدات پر نظر ثانی کرے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ آئی پی پیز کے ساتھ کیے گئے تمام معاہدوں پر ملکی مفاد کے مطابق نظر ثانی کرنے کی باتیں تو بہت کی جارہی ہیں لیکن عوام کو اس حوالے سے کوئی ریلیف نہیں دیا جارہا۔ عدلیہ اور وفاقی سطح پر سول و عسکری بیوروکریسی کو مزید مراعات اور سروس کی مدت میں اضافہ سے نوازا جارہا ہے لیکن خصوصاً پنجاب کی عوام کو خوفناک سموگ کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے، جو متواتر حکومتوں کی عوام دشمن پالیسیوں اور ہمارے اپنے ہاتھوں کی کمائی کا شاخسانہ ہے اور ماحولیاتی آلودگی نے عذاب کی صورت میں قوم کو گھیر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ سود، کرپشن اور اقربا پروری پر مبنی اشرافیہ کے مفادات کو تحفظ دینے والے موجودہ باطل نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے۔ پاکستان کو حقیقی معنوں میں ایک مضبوط اور خوشحال ملک بنانے کا واحد راستہ یہ ہے کہ اسلام کے عادلانہ نظام کو قائم اور نافذ کیا جائے تاکہ دنیا میں بھی اللہ کی رحمتیں اور برکتیں حاصل ہو سکیں اور ہماری آخرت بھی سنور جائے۔

جاری کردہ

خورشید انجم

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: 15 November, 2024

The plundering by the elite has brought the country to the brink of devastation.

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was said by the Ameer of Tanzeem e Islami **Shujauddin Shaikh** in a statement. The Ameer stated that the perilous consequences of the agreements made with the IMF for obtaining a riba-based loan under extremely harsh and detrimental conditions for national interests are starting to emerge. The reality is that it is a matter of great humiliation and disgrace for any self-respecting nation to have a global imperialist institution like the IMF dictate its internal policies and pressure the government to impose additional taxes on a populace already crushed by inflation. Furthermore, it is unacceptable for such an institution to comment on agreements made with other countries and compel the government to reconsider its accords with certain friendly nations. The Ameer remarked that while there is much talk about reviewing all agreements made with IPPs in accordance with national interests, the public is not receiving any relief in this regard. Meanwhile, the judiciary and the federal civil and military bureaucracies are being granted additional benefits and extended service durations, while the people of Punjab, in particular, are left at the mercy of a horrific smog. This situation is a result of the negative policies of successive governments and the consequences of our own actions, with the entire nation being engulfed by the calamity of environmental pollution. The Ameer emphasized the urgent need to uproot the prevalent malevolent system based on riba, corruption, and nepotism that protects the interests of the elite only. He reiterated that the only path to truly making Pakistan a strong and prosperous nation is to establish and enforce the genuine Islamic system of collective welfare, so that we may attain Allah's *(SWT)* mercy and blessings in this world and be eligible for success in the Hereafter.

Issued by:
Khurshid Anjum
Markazi Nazim Nashr o Ishaat